جلد (۶۱)　　　نمبر (۵)

اخبار ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۳ شعبان المعظم ۱۳۴۷ھ مطابق ۴ فروری ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر سلسلہ	خلاصہ مضمون	صفحہ نمبر
۱	منظوری ٹھیکہ آراضی	۱
۲	اضافہ نائب تحصیلدار ملک	۱ و ۲
۳	بابت ترسیل حسابات بہ سررشتہ آڈٹ	۲
۴	مزید رخصت افسر صاحب اصطبل	"
۵	بابت عدم تصدیق دستاویز موسومہ جلتی پیری [illegible]	"
۶	رخصت تحصیلدار صاحب بلاسپور	۳
۷	اجرائے الاؤنس ڈاکٹر احمد علی خان	"
۸	انتظام مدرس اول مدرسہ ٹانڈہ	"
۹	رخصت منشی گوہر علی خان	"
۱۰	" محبوب خان [illegible]	"
۱۱	توسیع مدت ملازمت نائب مدرس ٹانڈہ	"
۱۲	برخاستگی سید احمد مدرس [illegible]	۴
۱۳	تقرر ممتاز حسین مدرس انگریزی	"
۱۴	انتظام [illegible] سید حمید انتظام بجائے گوہر علی خان متوفی	"
۱۵	اضافہ سید شہزادہ میاں مدرس مڈل	"
۱۶	رخصت حافظ محی الدین	"
۱۷	" احمد بخش قری	"
۱۸	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم نکھم

منظوری ٹھیکہ آراضی

۱۴ر جنوری ۱۹۲۹ء

مسدودہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر در بارہ منظوری ٹھیکہ دو بیگہ آراضی ریت واقع بیڈ فیلخانہ بجمع مبلغ دس روپیہ بنام اللہ رکھے خان و اشفاق حسین بابت یکسال۔

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ آراضی ریت بیڈ فیلخانہ بنام اللہ رکھے خان و اشفاق حسین بجمع دس روپیہ برائے یکسال منظور رہے۔ کاغذات بعرض کارروائی صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس ارسال ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۳ر جنوری ۱۹۲۹ء

مسترد رپورٹ صاحب منیر ریونیو سکریٹری بہادر در بارہ اضافہ تنخواہ مبلغ دس روپیہ ماہوار منشی تحمل حسین خان نائب تحصیلدار ملک بوجہ محنت و ہوشیاری و امانت و دیرینہ ملازمت۔

حکم

بموجب رپورٹ تحمل حسین خان نائب تحصیلدار کی تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور رہے بشرط

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۳؍ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

فائنینشل سکریٹری بہادر کی عرضداشت مناسب ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل اس حکم کی مع نقل عرضداشت بغرض کارروائی جملہ سکریٹری صاحبان بہادر و صاحب بریگیڈ کمانڈر بہادر و سردار صاحب ڈیوڑھی کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض برساند

جناب عالی

نقشہ کارگزاری اہلکاران سررشتہ آڈٹ بابت سال سنہ ۱۹۲۷-۲۸ء بغرض ملاحظہ ہمراہ رپورٹ ہذا اجلاس ہمایوں میں پیش ہے۔ نقشہ مشمولہ سے واضح ہوگا کہ یکم لغایتہ ۲۹؍ ستمبر سنہ ۱۹۲۸ء گویا ۲۹ روز میں آڈٹ سے ۱۰۶۴ حساب پاس ہوکر روانہ ہوئے اور ۳۰؍ ستمبر سنہ ۱۹۲۸ء کو گویا ایک تاریخ میں ۱۱۲۰ حساب پاس ہوئے۔ اس سے ظاہر ہے کہ صیغہ جات سے تاریخ اختتام سال حسابی سے قبل حسابات نہیں بھیجے جاتے ہیں بلکہ عین تاریخ اختتام سال پر حساب بھیجے جاتے ہیں اور اس ضیق وقت میں عملہ آڈٹ سیکشن پر نہایت درجہ دشواری ہوتی ہے۔ اور اہلکاران آڈٹ کو پورے طور پر جانچ کرنیکا موقع نہیں ملتا ہے۔ لہذا امیدوار کہ آئندہ کے لئے صیغہ جات میں احکام صادر فرمائے جائیں کہ ماہ ستمبر میں بجز مصارف ستمبر کے کوئی جدید حساب نہ بھیجا جائے تاکہ جانچ قابل اطمینان ہو سکے اور سرکاری نقصان کا اندیشہ نہ رہے۔ زیادہ حد ادب۔

دولت و اقبال جاوید باد

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
رخصت

۵؍ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

منشہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید دو ہفتہ میجر عبد الحکیم خانصاحب افسر اصطبل بوجہ بقائے علالت بانتظام سابقہ حسب تصدیق ڈاکٹر صاحب علاوہ رخصت دس یوم ملحقہ سابقہ۔

حکم

بموجب رپورٹ بانتظام سابقہ مزید دو ہفتہ کی رخصت منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر
واقع ۱۴؍ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء

رقبہ حدود ریاست میں جانب غرب کوسی پار کچھ رقبہ بجری کے نام سے مشہور ہے۔ اس رقبہ میں نو دیہات۔ انوا نگلہ۔ پہلپور۔ کریم پور غربی۔ بجبی۔ کالکن نگلہ۔ مرگیسی۔ صورت سنگھ پور۔ مانک پور۔ سید علی گنج عرف بجرہ۔ پرگنہ صدر تحصیل میں بروئے تحقیقات ایسے ثابت ہوئے ہیں جن میں قدیم سے رواج چلتی بھرتی نقشی سالانہ کا چلا آتا ہے۔ یعنی کاشتکاران اپنے جملہ رقبہ کو کاشت کرتے ہیں۔ انہیں سے کاشتکار و مستاجر سالانہ پٹواری کو نقشی کے نمبر فی ہل موافق رواج موضع لکھاتے ہیں۔ اعلیٰ آراضیات جنکو کاشتکار نہایت محنت سے بناتا ہے بٹائی میں کر لیتے ہیں۔ موضع بجبی کے کاشتکاران نے اس طرز عمل کی مسدودی کی درخواست دی۔ جو بروئے تحقیقات رد ہوئی کیونکہ اس بنا پر نامنظوری کے قابل متصور ہوئی کہ نیز متعدد میں کا جاری کیا ہوا بہتر طریقہ ہے۔ کاشتکاران اس طرز عمل کی وجہ سے بٹائی و نقشی دونوں قسم کی آراضیات کی کمائی یکساں اور ہمدردی سے کیا کرتے ہیں۔ رعایا اور سرکار دونوں کے مفید مطلب ہے۔ اس طریقہ کو توڑ کر اگر نقشی منتقل کردی جائیگی تو بٹائی کی نکاسی کاشتکاروں کی جیح کم ہو جائیگی۔ اجلاس ہذا سے بذریعہ عرضداشت ہذا حال مفصل سرکار والا قرار میں عرض کیا گیا تھا کہ یہ رواج قدیمی دفعہ ۱۵۵ دستور عامہ اور دفعہ ۲۲۸ آئین عامہ کے اثر جبری سے مستثنیٰ رہنے کے قابل ہے جسپر صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مشیر قانونی سے رائے طلب فرمائی گئی۔ صاحب ممدوح نے بذریعہ عرضداشت یہ عرض کیا ہے کہ یہ رواج نقشی انگریزی کے نقشی ضبطی کے مشابہ ہے یعنی بعض اجناس مثلاً کماد وغیرہ جب آراضی بٹائی میں کاشت کیجائے تو مقررہ لگان بطور نقشی وصول کیجاتی ہے۔ مصنوعاً انگریزی مواضعات کی نقشی اور ان مواضعات ریاست کی چلتی بھرتی نقشی میں کامل مماثلت ہے لہذا جس طرح انگریزی مواضعات میں نقشی ضبطی کی دستاویز کی تصدیق وغیرہ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اسیطرح ان مواضعات ریاست کی چلتی بھرتی نقشی کی دستاویز کی تصدیق کی ضرورت نہیں ہے۔ بموجب دفعہ ۱۵۵ دستور عامہ اور دفعہ ۲۲۸ آئین عامہ سے چلتی بھرتی نقشی کو مستثنیٰ کرنیکا حکم صادر کرنا غیر ضروری ہے۔ یہ رائے صاحب بہادر مشیر قانونی بحکم ۸؍ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء اجلاس ہمایوں مع کاغذات متعلقہ اجلاس ہذا میں آئی ہے۔ اس رائے صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مشیر قانونی سے اجلاس ہذا کو بھی اتفاق ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا کی بغرض اطلاع پاس تحصیلدار صاحب صدر تحصیل و حاکم صاحب مرسل ہو۔ اور ایک نقل بغرض صدور حکم اطلاع قانونگویان و پٹواریان تحصیل بخدمت صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر مرسل ہو۔ اور ایک نقل بغرض اشاعت مطبع گزٹ ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴ر جنوری ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور باستدعاء منظوری رخصت دو ہفتہ بوجہ ضرب شدید پہنچنے دست چپ مین صدمہ گرجانے موڑ سے

حکم

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب دو ہفتہ کی رخصت مطلوبہ منظور ہی۔ نائب تحصیلدار معمولی و ضروری کام انجام دینگے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ عرضداشت اطلاعی باجلاس ہمایون مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

الاونس

۲۰ر جنوری ۱۹۲۹ء

مثبتہ یادداشت چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ مسدودی الاونس ڈاکٹر مہابیر پرشاد بوجہ تبادلہ از شفاخانہ صدر بہ شفاخانہ شہر برانچ اور جاری رہنے الاونس تعدادی ۱۰؎ منظور شدہ اجلاس ہمایون ڈاکٹر احمد علیخان سب اسسٹنٹ سرجن از سررشتہ تعلیم بابتہ معائنہ صحت طلباء ہائی اسکول۔

حکم

طلباء ہائی اسکول کے صحت کے معائنہ کے لیے ڈاکٹر احمد علی خان کا پندرہ روپیہ ماہوار الاونس سررشتہ تعلیم سے بحکم اجلاس ہمایون منظور ہوا تھا چونکہ احمد علیخان کلکتہ تعلیم کام سیکھنے کے بھیجے گئے تھے لہذا انکی عدم موجودگی میں ڈاکٹر مہابیر پرشاد سب اسسٹنٹ سرجن کا دس روپیہ ماہوار الاونس مقرر کرکے معائنہ طلباء کے لئے مقرر کیا گیا تھا۔ اب ڈاکٹر احمد علی خان کلکتہ سے واپس آگئے ہین اور ڈاکٹر مہابیر پرشاد کا صدر شفاخانہ سے تبادلہ ہوگیا ہی۔ لہذا ڈاکٹر مہابیر پرشاد کا الاونس حسب یادداشت چیف میڈیکل افسر صاحب مسدود کیا جاتا ہے اور ڈاکٹر احمد علیخان اسسٹنٹ سرجن کا بدستور سابق ۱۵؎ ماہوار الاونس منظور شدہ اجلاس ہمایون جاری کیا جاتا ہی۔ ڈاکٹر احمد علیخان جس مہینہ مین طلباء کا معائنہ نہ کرینگے الاونس کے مستحق نہ ہونگے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادل

۲۰ر جنوری ۱۹۲۹ء

مدرسۂ تحصیلی ملک مین بجائے محمد احمد خان مدرس اول برخاست شدہ محمد بخش مدرس اول مدرسۂ بھوٹ بھال پرگنہ سوار کا نادر کیا گیا تھا اور الطاف علیخان نائب مدرس ملک کا تبادلہ مدرسۂ ابیت پور پرگنہ حضور تحصیل مین کیا گیا تھا بحکم ۱۰ر جنوری ۱۹۲۹ء ان دونون مدرسین کا تبادلہ منسوخ کر دیا گیا اور عارضی طور پر الطاف علیخان کو محمد احمد کا انچارج مقرر کر دیا گیا تھا۔ مدرسۂ ملک اسوقت ایسی حالت مین ہی کہ اس مدرسہ مین قابل مدرس کی ضرورت ہی محمد ولی خان مدرس اول مدرسۂ تحصیلی نانمدہ نارمل پاس ہی۔ نامبردہ مع الاونس ۲۰؎ ماہوار تنخواہ پارہے ہین انکا تبادلہ انہی موجودہ تنخواہ پر بجائے محمد احمد خان مدرس اول ملک کو کیا گیا اور الطاف علیخان نائب مدرس ملک تنخواہ داری ۱۲؎ ماہوار کا تبادلہ موجودہ تنخواہ پر مدرسۂ تحصیلی نانمدہ مین بجائے محمد ولی خان مدرس اول نانمدہ کیا گیا۔ لہذا حکم ہوا کہ نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ر جنوری ۱۹۲۹ء

مثبتہ درخواست رخصت رعایتی ۱۴ یوم منشی محمد پیر علیخان محکم نویس من ابتدا ۲۸ر جنوری لغایت ۱۰ر فروری ۱۹۲۹ء بوجہ بیماری۔

حکم

منشی محمد پیر علیخان اہمد اجلاس کی مزید رخصت ۱۴ یوم منظور ہی۔ جمال الدین محرر بیسور تا رخصت اہلمد مذکور دفتر کا کام کریگا۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ر جنوری ۱۹۲۹ء

مثبتہ تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت رعایتی یکماہ سے نجابت خان کمپونڈر متعینہ اسشاف ڈسپنسری بغرض علاج۔

حکم

نجابت خان کمپونڈر شفاخانہ اسشاف کی رخصت رعایتی یکماہ ۱۵ر جنوری ۱۹۲۹ء سے بوجہ بیماری و تصدیق چیف میڈیکل افسر صاحب منظور ہی۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۹ر جنوری ۱۹۲۹ء

جو سنگھ نائب مدرس مدرسۂ نانمدہ کی مدت ملازمت غیر مستقل مین ۲۲ر فروری ۱۹۲۹ء سے آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

۲۹ جنوری ۱۹۲۹ء

ممتاز حسین انگریزی مڈل پاس کا تقرر تیرہ روپیہ تنخواہ پر مدرسہ شاہ آباد مین بجگہ شمس تبریزی بجگہ انتخاب برائے چھ ماہ منظور ہے لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۲۹ جنوری ۱۹۲۹ء

رپورٹ ہائے انسپکٹر صاحب مدارس وسب ڈپٹی انسپکٹر مدارس ملاحظہ ہوئین سید احمد مدرس مدرسہ چمروہ پرگنہ حضور تحصیل بزمانہ تعیناتی مدرسہ کاشی پور بھی ایک مرتبہ مجنون ہوگیا تھا اب پھر اُس پر جنون کا دورہ ہوا ہے اور درخواست باشندگان چمروہ سے واضح ہے کہ اس سے قبل بھی ایک مرتبہ دو روز نامبردہ دورہ جنون مین مبتلا رہا ہے۔ ایسے شخص کو جو ایک خطرناک مرض مین مبتلا ہو ملازم برقرار رکھنا کسی طرح مناسب نہین ہے۔ لہذا سید احمد مدرس مدرسہ چمروہ پرگنہ حضور تحصیل ۳۰ جنوری ۱۹۲۹ء سے برخاست کیا گیا اور چونکہ مدرسہ دھنوپورہ تحصیل ٹانڈہ بوجہ کمی طلبا مسدود ہونے کے قابل ہے۔ لہذا مدرسہ دھنوپورہ تحصیل ٹانڈہ مسدود کیا گیا اور اشرف علی مدرس مدرسہ دھنوپورہ تنخواہ دار گیارہ روپیہ ماہوار کا تبادلہ مدرسہ چمروہ پرگنہ حضور تحصیل مین کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

انتظام

۳۰ جنوری ۱۹۲۹ء

چونکہ سید رشید القائم معاون محرر سررشتہ انسپکٹری مدارس کا تبادلہ بجائے گوہر علی بحکم اجلاس ہذا مین کر دیا گیا ہے۔ لہذا سید عبد القائم کی جگہ کے سلسلے مین حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے۔

(۱) نزاکت حسین خان مڈل و منشی پنجاب پاس تنخواہ دار پندرہ روپیہ ماہوار مدرس مدرسہ مڈل باضافہ دو روپیہ ماہوار سررشتہ انسپکٹری مین برائے چھ ماہ معاون محرری پر تبدیل کیا جائے۔

(۲) شبیر حسن خان مڈل پاس مدرس درجہ اول سکشن دب، مڈل اسکول تنخواہ دار گیارہ روپیہ ماہوار باضافہ دو روپیہ ماہوار چھ ماہ کیلئے بجائے نزاکت حسین خان مدرس درجہ دوم کی خدمت پر تبدیل کیا جائے لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۳۰ جنوری ۱۹۲۹ء

سید شہزادہ میاں مدرس درجہ ابتدائی دب، مڈل اسکول تنخواہ دار تیرہ روپیہ ماہوار چونکہ دیرینہ ملازم ہین اور انکا کام اچھا ہے لہذا انکی تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا لہذا

حکم ہوا کہ

حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳۱ جنوری ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ مہتمم مطبع سرکاری دربارہ منظوری رخصت یکماہ تین یوم حافظ محی الدین محرر سٹور مطبع من ابتدا ۴ فروری ۱۹۲۹ء لغایت ۶ مارچ سنہ الیہ واسطے شمولیت کلام اللہ شریف در کاٹھیاوار

حکم

حافظ محی الدین محرر سٹور مطبع کی رخصت ۴ فروری ۱۹۲۹ء سے ۶ مارچ ۱۹۲۹ء تک بلا تنخواہ منظور کی جاتی ہے۔ ایام رخصت مین احمد سعید خان حافظ محی الدین کا عوض مقرر کیا جاتا ہے۔ لیکن سٹور کی اور حافظ محی الدین کے کام کی کامل نگرانی کا ذمہ دار محمد یونس خان محرر مطبع رہین گے اور حافظ محی الدین کی تنخواہ سے دس روپیہ ماہوار عوض کو اور پانچ روپیہ ماہوار محمد یونس خان کو بطور الاؤنس ملین گے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ جنوری ۱۹۲۹ء

مثل تحریر بخشی صاحب جج دربارہ منظوری رخصت یکماہ سید محمد علی اہلمد سٹری بغرض شرکت امتحان یونیورسٹی الہ آباد بعوض محمد مشتاق علی امیدوار حکم حسب سفارش بخشی صاحب جج سید محمد علی اہلمد سٹری کی بعوض محمد مشتاق علی امیدوار یکماہ کی رخصت منظور ہے بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

یہ سرکاری گزٹ ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابت ابتدائے ہفتہ چہارم ماہ جنوری ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۲۰۲ ار ۱۰۵ ار		۱۰۲ ار	۱۰۲ ار			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۰۵ ار		۱۰۶	۱۰۲ ار			
نخود کردہ آمیز	۱۶ ار		۱۲ ار	۱۰۶ ار			
کت	۱۲ ار		۱۰۱۰ ار	۱۰۲ ار			
ماش	۱۵ ار		۱۵ ار	۱۰۵ ار			
مونگ	۱۴ ار		۱۴ ار	٠			
مکا	۱۰۶ ار		۱۲ ار	٠			
جئی	۱۰۶ ار		٠	٠			
گوجئی	۱۰۵ ار		٠	٠			
[illegible]	۱۰۵ ار		٠	٠			
ارہر	۱۶ ار		٠	٠			
برنج	۱۲ ار		۱۳ ار	۱۳۰ ار			
روغن زرد	۶ و ۱۰ چھٹانک		۶۰ چھٹانک	۶ چھٹانک			
روغن سیاہ	۱۰۱ ار		۱۱ ار	۱۰۱ ار			
روغن کنجد	۱۰۱ ار ۱۱ ار		۱۰۱ ار	٠			
نمک سانبھر	۱۰۱۲ ار		۱۰۱۲ ار	۱۰۱۰ ار			
نمک لاہوری	۱۶ ار		۱۰۶ ار	٠			
قند سیاہ	۱۰۸ ار		۱۰۷ ار	۱۰۷ ار			
باجرہ	۱۰۵ ار		۱۲ ار	۱۰۵ ار			

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور